سیکرٹریٹ،
مواصلات اور نگرانی کی مداخلت کا کمشنر

سیکرٹریٹ، مواصلات اور نگرانی کی مداخلت کے کمشنر کی ویب سائٹ میں دیگر زبانوں میں صرف منتخبہ ضروری معلومات شامل ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ کے مکمل مواد تک انگریزی، روایتی چینی یا آسان کردہ چینی زبان میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ہمارے بارے میں

سیکرٹریٹ، مواصلات اور نگرانی کی مداخلت کے کمشنر (سیکرٹریٹ) کی ویب سائٹ کے مرکزی صفحے پر خوش آمدید۔

سیکرٹریٹ کا مقصد مواصلات اور نگرانی میں مداخلت کے آرڈیننس (Cap. 589) کے تحت مطلوبہ تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ان کے افسران کی تعمیل کے حوالے سے نگرانی کرنے میں مواصلات اور نگرانی میں مداخلت کے کمشنر (کمشنر) کو معاونت فراہم کرنا ہے۔

استفسارات کے لئے، درج ذیل پر سیکرٹریٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے:

پتہ: Units 1501-1504, 15/F, Dah Sing Financial Centre, 248 Queen’s Road East, Wanchai, Hong Kong

ٹیلیفون: (852) 2834 3361

فیکس: (852) 2573 2610

ای میل: enquiry@ciocsoffice.gov.hk

سالانہ رپورٹ

سیکرٹریٹ چیف ایگزیٹیو کے لئے سالانہ رپورٹ مرتب کرنے میں کمشنر کی معاونت کرتا ہے۔

سالانہ رپورٹ عوام کے لئے چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔

مواصلات اور نگرانی میں مداخلت کا آرڈیننس (یہ آرڈیننس)

یہ آرڈیننس سنگین جرائم کی روک تھام یا ان کا سراغ لگانے اور عوامی سلامتی کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کی جانے والی مواصلات اور خفیہ نگرانی کی اجازت اور ضابطے کے لئے ایک قانونی نظام فراہم کرتا ہے۔ کمشنر ایک خود مختار نگران اتھارٹی ہوتا ہے، اس کا تقرر چیف ایگزیکٹیو چیف جسٹس کی سفارش پر کرتا ہے۔

جانچ کی درخواست

سیکرٹریٹ آرڈیننس کے تحت جانچ کے لئے درخواستوں پر عمل کاری کرنے میں کمشنر کو معاونت فراہم کرتا ہے۔

یہ خدمات چینی اور انگریزی زبان میں فراہم کی جاتی ہیں۔ درخواست کے متعلقہ طریقہ کار اور ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے حوالے سے رضامندی کا فارم عوام کے لئے چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب ہے۔

نسلی مساوات

مزید تفصیلات کے لئے، آپ نسلی مساوات کا فروغ پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔